کیا کھانے کے بعد ماوتھ واش کرنا ضروری ہے

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر آپ کا وضو ہو اور کھانے کے بعد نماز پڑھنے کا ارادہ ہوتو کیا ماوتھ واش کرنا ضروری ہے۔

سائل:عبداللہ (انگلینڈ)

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

کھانے کے بعد نماز پڑھنے کے لیے کلی کرنا یا ماوتھ واش کرنا ضروری نہیں مگر کرنا بہتر ہے کیونکہ جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے فرشتہ اپنا منہ اس کے منہ پررکھتا ہے یہ جو کچھ پڑھتا ہے اس کے منہ سے نکل کر فرشتہ کے منہ میں جاتا ہے اُس وقت اگر کھانے کی کوئی شے اُس کے دانتوں میں ہوتی ہے ملائکہ کو اُس سے ایسی سخت ایذا ہوتی ہے کہ جس سے عام انسانوں کوایذا ہوتی ہے اس سے فرشتوں کو تکلیف ہوتی ہے ۔

جیساکہ حدیث میں آیا اور نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمان ہے :

" إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَسْتَكْ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَرَأَ فِي صَلاَةٍ وَضَعَ مَلَكٌ فَاهُ عَلَى فِيهِ، فَلاَ يَخْرُجُ مِنْ فِيهِ شَيْءٌ إِلاَّ دَخَلَ فَمَ الْمَلَكِ "تم میں سے جب کوئی رات کو اٹھ کر نماز پڑھنا چاہے تو مِسواک کر لیا کرے ! کیونکہ جب کوئی نمازمیں قراء ت کرتاہے تو فرشتہ اپنا منہ اس کے منہ پر رکھ دیتا ہے ، اور اس کے منہ سے جو بھی نکلتا ہے فرشتے کے منہ میں جاتا ہے ۔

(شعب الایمان،باب فی تعظیم القرآن،فصل فی السواک لقرأۃ القراٰن،۲/ ۳۸۱، حدیث:۲۱۱۷)

اور نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا :"اِنَّ الْمَلٰئِکَۃَ تَتَأَذّٰی مِمَّایَتَأَذّٰی بِہٖ بَنُوْ اٰدَم "ملائکہ ہر اس شے سے اذیّت پاتے ہیں جس سے بنی آدم اذیت پاتے ہیں۔

(صحیح مسلم،کتاب المساجد،باب نھی من اکل ثوما۔۔الخ،ص۲۸۲،حدیث:۵۶۴)

اور **اعلیٰ حضرت** شاہ امام احمد رضاخان علیہ رحمۃ الرحمٰن فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں ۔

متعدد احادیث میں ارشاد ہوا ہے کہ جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے فرشتہ اپنا منہ اس کے منہ پررکھتا ہے ۔ یہ جو کچھ پڑھتا ہے اس کے منہ سے نکل کر فرشتہ کے منہ میں جاتا ہے اُس وقت اگر کھانے کی کوئی شے اُس کے دانتوں میں ہوتی ہے ملائکہ کو اُس سے ایسی سخت ایذا ہوتی ہے کہ اور شے سے نہیں ہوتی۔

(فتاوی رضویہ ، ۱/ ۸۳۹)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری
خادمِ دارالافتاء و اسلامک لاء کونسل یوکے
Date:30 -07-2019

Does one have to rinse the mouth after eating food?

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

QUESTION:

What do the scholars of Islām and Jurists of the Sacred Law state regarding the following issue: If someone is in the state of Wudū and wishes to pray salāh after eating some food, then does such a person have to wash their mouth?

Questioner: Abdullah from England

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

One does not need to gargle nor rinse the mouth out after eating if one wishes to pray salāh later on, however, it is better to do so because when a person stands for salāh, an angel places their mouth in line with the mouth of such person; whatever the person recites exits their mouth and enters the mouth of the angel. If there is anything stuck between the teeth at such time, then the angels receive so much pain just as in the same manner as when humans are in pain overall.

Just as has been mentioned in Hadīth and is the blessed statement of the Noble Prophet ﷺ,

إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَسْتَكْ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَرَأَ فِي صَلَاةٍ وَضَعَ مَلَكٌ فَاهُ عَلَى فِيهِ، فَلَا يَخْرُجُ مِنْ فِيهِ شَيْءٌ إِلَّا دَخَلَ فَمَ الْمَلَكِ "

“Whenever any of you wishes to wake up and pray salāh, then you should perform Miswāk [i.e. brush your teeth] because whenever someone recites something in salāh, then an angel places its mouth in line with the one reciting, and whatever exits the mouth of the one reciting reaches the mouth of the angel.”

[Shu’ab al-Īmān, vol 2, pg 381, Hadīth no 2117]

The Noble Prophet ﷺ has also stated,

"اِنَّ الْمَلٰٓئِكَۃَ تَتَاَذّٰی مِمَّا یَتَاَذّٰی بِہٖ بَنُوْ اٰدَم"

“Indeed the angels are harmed by the same things as the children of Adam.“

[Sahīh Muslim, pg 282, Hadīth no 564]

In addition, A’lāhadrat al-Shāh Imām Ahmad Ridā Khān, upon whom be infinite mercies, states in Fatāwā Ridawiyyah that it has been stated in numerous Hadīths that whenever a person stands for salāh, then an angel aligns its mouth with that of the reciter’s; whatever a person recites exits their mouth and enters the angel’s. At such time, if there was any food stuck between the teeth, then it would harm the angels to such a great extent that could not be caused by anything else [i.e. nothing else could cause them more harm].

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 1, pg 839]

والله تعالى أعلم ورسوله أعلم صلى الله عليه وآله وسلم
كتبه أبو الحسن محمد قاسم ضياء قادري

Answered by Muftī Qāsim Ziyā -alQādirī
Translated by Haider Ali